سوال

(67)ایام حیض میں مہندی کے استعمال سے غسل حیض کی صحت پر اثرانداز ہونے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاایام حیض میں مہندی کااستعمال غسل حیض کی صحت پراثرانداز ہوتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مہندی کا استعمال غسل حیض اور وضو کی صحت پر انداز نہیں ہوتا کیونکہ اس میں کثافت ہوتی ہے اور نہ ہی گاڑھاپن جو کہ پانی کوچمڑے تک پہنچنے سے روکے اور اگر مہندی کا وجود باقی رہے تو غسل سے پہلے اس کا ازالہ کرنا واجب ہے تاکہ وہ پانی کوچمڑے تک پہنچنے سے نہ روکے ۔"(سعودی فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 113

محدث فتویٰ